# دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب، 10- کورٹ سٹریٹ، لاہور۔

## گاڑی کا نیلام عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر ھذا کی ناکارہ گاڑی کا نیلام عام "جیسے ہے جہاں ہے" کی بنیاد پر بتاریخ 25 مئی 2021 بروز منگل 11.00 بجے دن بمقام دفتر صوبائی الیکشن کمشنر، پنجاب، 10 کورٹ سٹریٹ لاہور نیلام عام ہوگا۔ گاڑی کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | گاڑی نمبر | ماڈل | ہارس پاور |
|---|---|---|---|
| -1 | GA-288 (Suzuki Mehran) | 2006 | 800-CC |

1۔ اگر گاڑی کا نیلام عام 25 مئی 2021 بروز منگل کو مکمل نہ کیا جاسکا تو نیلام عام 26 مئی، 2021 بروز بدھ کو بھی ہوگا۔

2۔ مذکورہ گاڑی کا معائنہ دفتری اوقات کار کے دوران صبح 10.00 بجے تا دوپہر 3.00 تک ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

3۔ گاڑی کی نیلامی میں حصہ لینے کے لئے مبلغ ایک لاکھ روپے زرضمانت بذریعہ بنک ڈرافٹ، پے آرڈر بنام صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب، لاہور بولی میں حصہ لینے سے پہلے جمع کروانا ہوں گے۔ جو کہ ناکام بولی وہندہ کو ضروری کاروائی کے بعد واپس کر دیئے جائینگے۔

4۔ کامیاب بولی وہندہ کو موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ پیش کرنا اور مجموعی بولی کی رقم کا 1/4 حصہ بطور بیعانہ ادا کرنا ہوگا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں سیکورٹی کی جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔ نیز متعلقہ بولی کے نیلامی وہندہ کی پیشکش کو منسوخ تصور کیا جائے گا۔

5۔ کامیاب بولی وہندہ مجموعی بولی کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کروانے کے بعد تین ایام کے اندر بقایا رقم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر زرضمانت اور بولی کی رقم کا چوتھا حصہ بھی بحق سرکار ضبط ہو جائے گا۔

6۔ گاڑی کی منظور شدہ بولی کی کل رقم کے علاوہ بولی دہندہ سرکاری شرح کے مطابق تمام ٹیکسز بھی ادا کرے گا۔

7۔ گاڑی کے تمام واجبات/ٹیکسز کی ادائیگی کے بعد ٹرانسفر کی جائے گی۔

8۔ نیلام عام میں رکھی گئی گاڑی میں کمی بیشی ہوسکتی ہے۔

9۔ صوبائی الیکشن کمشنر/ افسر مجاز کو حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی بولی/تمام بولیوں کو منظور یا مسترد کر دے۔

( محمد اسلم )
ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن)
فون نمبر: 042-99211025